# جی۔ڈی گوئنکا پبلک اسکول سرینگر

مضمون:۔ اُردو

جماعت:۔ چہارم

☆(ضروری اطلاع):اس پی۔ڈی۔ایف کو پرنٹ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے

(ا) آج کے "عملی کام" کو لوس شیٹس (Loose Sheets) پر درج کیا جائے۔

**پڑھائی کے مقاصد:۔** طلبہ و طالبات اس قابل بن جائے کہ وہ اس مشق کو خود سے لکھ سکے۔

ا۔بچوں کو موافقت کے عمل سے بنیادی معلومات فراہم کرنا۔


۲۔" صفتیں " چیزوں میں پائی جانے والی مختلف خاصیتوں کو بیان کرتی ہیں۔چونکہ موافقت کا عمل ایک اہم قسم کی خاصیت ہے لہذا طلباء دیے گئے مضمون میں صفات کو تلاش کریں گے۔

۳۔بچوں میں لکھائی اور بول چال کے دوران اُردو گرائمر کے صحیح قواعد کے استعمال کے بارے میں معلومات میں اضافہ کرنا۔

۴۔بچوں میں مفہومی اور تنقیدی سوچ بچار کو پروان چڑھانا۔

## عنوان:۔ "پودوں اور جانوروں میں موافقت کا عمل"۔

# ☆ پڑھائی کی مہارت ☆







جاندار چیزوں کا خود کو ماحول کے مطابق ڈھال لینا موافقت کا عمل کہلاتا ہے۔ عام طور پر موافقت کا عمل جاندار کے مسکن یا رہائش کی جگہ میں تبدیلی سے انجام پاتا ہے۔ جاندار کی خصوصیات اور اسکے زندہ رہنے کے طریقے میں تبدیلی کہ جسے اسے اپنے مسکن میں زندگی بسر کرنے میں آسانی ہوتی ہے موافقت کا عمل کہلاتا ہے۔



پودوں کی اپنے ماحول کے ساتھ موافقت کرنا

انکی ایک انوکھی خاصیت ہے کہ جسے ایک

پودے کے لئے اپنے مسکن میں رہنا اور رشد

کرنا ممکن ہوپاتا ہے۔ اور جونہی ان پودوں کو

اپنے اصلی مسکن کی جگہ سے نکال کر کسی

دوسرے مسکن میں لے جایا جاتا ہے جہاں پر انکا وہ ماحول نہ پایا جاتا ہو جس کے ساتھ



انہوں نے موافقت کرلی ہوتی ہے، ان کے

لئے زندہ رہنا اور رشد کرنا مشکل ہو جاتا اور

آخر کار وہ زندہ نہیں رہ پاتے ہیں۔

جیسا کہ ہمیں معلوم ہے کہ ریگستان میں پانی

کی قِلّت، ہوا میں خشکی اور درجہ حرارت بہت زیادہ ہوتا ہے۔ لہذا جو پودے وہاں پر اگتے

ہیں وہ طبیعی طور پر بہت ہی کم پانی پر زندہ رہ پاتے ہیں اور سوکھ جانے سے محفوظ رہتے ہیں۔

ان پودوں میں کچھ ایسی خاصیتیں پیدا ہوگئی ہوتی ہیں کہ جو انہیں ریگستان کے سخت ماحول میں

زندہ رہنے میں مدد کرتی ہیں۔ اسی لئے کیکٹس جیسے پودے میں پتوں کی جگہ موٹے موٹے کانٹے ہوتے ہیں جو پانی کو تبخیر ہونے سے بچا لیتے ہیں۔ کیکٹس کے طرح کے پودے اپنے



سبز تنے میں پانی کو ذخیرہ کرکے رکھتے ہیں۔ کیکٹس پودے کی جڑیں زمین کی سطح کے قریب ہوتی ہیں جسے وہ ریت میں موجود پانی کو تبخیر ہونے سے پہلے جذب کرلیتے ہیں۔ چونکہ پودا کم خوراک پر گزارا کرلیتا ہے لہذا وہ بہت کم رشد کر پاتا ہے۔

جانور بھی اپنی بقا کو جاری رکھنے کے لئے ماحول کے ساتھ موافقت کے عمل کو انجام دیتے ہیں۔ جو جانور مختلف مساکن میں رہتے ہیں ان میں ایسی خاصیتیں پیدا ہو جاتی ہیں جسے وہ خود کو الگ الگ ماحول کے ساتھ ڈھال لیتے ہیں۔ ماحول کے مطابق ڈھل جانے کے عمل کو موافقت کہاجاتا ہے۔ مسکن کے اعتبار سے جانوروں کے بنیادی پانچ گروہ ہیں:۔ خشکی پر رہنے والے جانور، پانی میں رہنے والے جانور، رینگنے والے جانور، اڑنے والے جانور اور درختوں پر رہنے والے جانور۔

زمین پر رہنے والے جانوروں کو خشکی کے جانور کہا جاتا ہے۔ جگہ میں تبدیلی سے آب و ہوا میں بھی تبدیلی پیدا ہوسکتی ہے۔ لیکن خشکی پر رہنے والے جانور خود کو ہر قسم کے ماحول کے مطابق ڈھال لیتے ہیں۔ ریگستانی علاقے بہت گرم اور پہاڑی علاقے بہت سرد ہوتے ہیں۔

اونٹ ہمیں ریگستان میں نظر آتا ہے۔ یاک، پہاڑی بکریاں اور ابری تیندوے پہاڑوں میں دکھائی دیتے ہیں۔ جبکہ قطبی بھالو، پینگوئن، سیل اور آرٹیکائی لومڑیاں قطبی علاقوں میں پائے جاتے ہیں جہاں کا درجہ حرارت صفر کے بہت نیچے رہتا ہے۔





اونٹ ریگستان میں رہنے کے لئے بہت ہی مناسب ہوتے ہیں۔ ان کی کھال بہت موٹی ہوتی ہے جو انہیں سورج کی تمازت سے محفوظ رکھتی ہے۔ انکی لمبی ٹانگیں اور پھیلے ہوئے پیر انہیں ریت پر دوڑنے میں مدد کرتے ہیں۔ انکی پلکیں بہت لمبی ہوتی ہیں جو ریت کو آنکھوں میں جانے سے روک لیتی ہیں۔ وہ پانی اور چربی



کو اپنے کوہان میں ذخیرہ کر لیتے ہیں جو ریگستانی
ماحول میں پانی یا خوراک نہ ملنے کی صورت
میں کام آتے ہیں۔

G.D.G.P.S

## ☆ لکھائی کی مہارت ☆

کام کرنے کا وقت:۔

### ہدایت:۔

1۔A4سائز کے والے کھلے اوراق پر تحریر کا کام انجام دیں۔

2۔ طلباء کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ واگزار شدہ کام فورائے والے کھلے اوراق پر تحریر کریں۔

3۔ لکھائی میں فاونٹین قلم کے استعمال کو سراہا کو جائے گا۔

4۔ تکمیل شدہ کام کو سرمائی تعطیلات ختم ہونے کے بعد اسکول انتظامیہ کے شعبہ امور تعلیم کو تحویل دینے کے لئے اپنی محفوظ حراست میں رکھیں۔

4۔ طلباء کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ درسی کتابوں کے اسباق کی پڑھائی کو جاری رکھیں تا کہ آپ کی پڑھنے کی صلاحیت اور الفاظ کے ذخیرہ میں بہتری آئے۔

## 1۔پہلا دن۔(پیر وار) (MONDAY-Day-1)

دیے گئے اقتباس کا توجہ کے ساتھ مطالعہ کریں اور اس میں پائے جانے والے صفات کو زرد رنگ سے نمایاں کریں۔مثال کے طور پر ایک صفات کو زرد رنگ سے رنگین کر دیا گیا ہے۔

(TUESDAY-Day-2)

2۔ دوسرا دن۔ (منگوار)

ریگستان میں پائے جانے والے کسی بھی پودے کی ذاتی خاصیتوں کو لکھیں۔ اس کے علاوہ اس پودے کی نقاشی یا تصویر کو مہیا کریں۔



## 3۔ تیسرا دن۔(بدھ وار) (WEDNESDAY-Day-3)

### صفات کا عمومی نظام مندرجہ ذیل ہے۔

صفت عددی (Adjectives of number-1)

صفت پیمائشی (Adjectives of size-2)

صفت سِنّی (Adjectives of age-3)

صفت وصفی (Adjectives of shape or quality-4)

صفت رنگی (Adjectives of colour-5)

صفت مادی (Ajectives of material-6)

اب، مندرجہ بالا اقتباس میں موجود صفات کو منتخب کریں اور انہیں منظم صورت میں لکھیں۔


G.D.G.P.S

4۔چوتھا دن۔(جمعرات) (THURSDAY-Day-4)

☆تقابل کے درجات کے قواعد کو عمل میں لا کر دی گئی تصاویر کو نیچے سے اوپر کی طرف ردیف بند صورت میں لکھیں۔



Barrel cactus بیریل کیکٹس




Bunny ear بنّے ایر



Giant Saguaro گیانٹ سگوارو




☆کسی ریگستانی جانور جیسے اونٹ کے بارے میں سچی باتوں پر مشتمل ایک رپوٹ فائل تیار کریں۔



## (FRIDAY-Day-5) 5۔پانچواں دن۔(جمعہ)

☆مختلف چیزوں اور محدود مجموعوں کے درمیان موجود نسبتوں کو بیان کرنے کے لیے استعمال ہونے والے دائروں کو وین اَشکل کہا جاتا ہے۔



وین شکل کو کھینچ کر پودوں اور جانوروں میں موجود موافقت کے عمل کے درمیان پائے جانے والی نسبت کو ظاہر کریں۔

جانوروں میں موافقت کا عمل



پودوں میں موافقت کا عمل



## (SATURDAY-Day-6)

## 6۔ چھٹا دن۔(سنیچر وار)

**ریگستان میں پائے جانے والے پانچ جانوروں اور پانچ پودوں کی تصاویر کو حاصل کر کے اسکریپ بک میں چسپاں کریں۔ رنگین اقلام کے ذریعہ ہر ایک پودے اور جانور کے بارے میں کوئی انوکھی اور ان کہی جانکاری لکھیں۔**




https://pin.it/2HmTRBe

**اوپر لینک میں دیے گئے "کرافٹ پیپر" کے طرز پر ایک کرافٹ پیپر تیار کریں۔**

**نوٹ:۔اس عملی کام "مشق" کو بار بار پڑھنے اور سمجھنے کی کوشش کریں۔**